﴿رکنیت فارم برائے اسواعمرہ سکیم﴾

یونیورسٹی اسٹاف ویلفیئر ایسوسی ایشن (USWA) کے تحت متعارف کردہ عمرہ سکیم ملازمین کے لیے ایک منفرد موقع فراہم کرتی ہے، جس کا مقصد ملازمین کی روحانی اور فلاحی ضروریات کو پورا کرنا ہے۔ سکیم کے قواعد وضوابط درج ذیل ہیں:

1۔ گریڈ 1 تا 16 کے تمام ریگولر، ایڈہاک اور کنٹریکٹ (مسلمان مرد وخواتین) ملازمین اس پالیسی کے تحت ممبرشپ حاصل کرنے کے اہل ہوں گے۔ تاہم، ایڈہاک اور کنٹریکٹ ممبران کا عمرہ قرعہ اندازی میں نام نکلتا ہے اس صورت میں اس ممبر کو ایک مستقل ملازم کی شورٹی کی صورت میں عمرہ پیکیج دیا جائیگا۔

2۔ ممبرشپ فیس ماہانہ مبلغ -/700 (سات سو روپے) مقرر کی گئی ہے۔ اگر کوئی ممبر اپنی مرضی سے ماہانہ -/700 روپے سے زیادہ کٹوانا چاہے تو اسے اجازت ہوگی۔

3۔ ہر چھ ماہ بعد قرعہ اندازی کا انعقاد لازمی ہوگا، تاہم ضرورت کے پیش نظر قرعہ اندازی چھ ماہ کی مقررہ مدت سے قبل بھی کی جاسکتی ہے۔ قرعہ اندازی میں تمام مستقل ممبران (گریڈ 1 تا 16) کے نام شامل کیے جائیں گے۔ قرعہ اندازی کے ذریعے منتخب ہونے والے خوش نصیب ممبران کو عمرہ پیکیج فراہم کیا جائے گا۔ اگر کسی ممبر کا نام قرعہ اندازی میں نکل آئے لیکن وہ کسی طبی، ہنگامی یا ناگہانی صورتحال کے باعث سفر کرنے سے قاصر ہو، تو صدر یا جنرل سیکریٹری کو مجاز اختیار حاصل ہوگا کہ وہ حالات کا جائزہ لے کر مناسب فیصلہ کریں۔

4۔ یہ پالیسی بین الاقوامی اسلامی یونیورسٹی کے ویلفیئر فنڈ کے طرز پر ہوگی، تاہم، اس کی نگرانی اور سرپرستی کا مکمل اختیار یونیورسٹی اسٹاف ویلفیئر ایسوسی ایشن کے پاس ہوگا۔

5۔ تمام ریگولر ملازمین (نئے اور پرانے) اس سکیم کی ممبرشپ حاصل کرنے کے اہل ہوں گے۔

6۔ دوران سروس وفات پانے والے ایسے ملازمین جنہوں نے عمرہ کی سعادت حاصل نہ کی ہو، ان کی جمع شدہ رقم ان کے بیوی، بچوں یا والدین کو ادا کی جائے گی۔ اگر وفات پانے والے ملازم نے عمرہ کی سعادت حاصل کرلی ہو تو ان کی بقایا رقم معاف کردی جائے گی۔

7۔ ایسا ممبر جس کا نام قرعہ اندازی کے ذریعے نکل آئے، اس کی فیس کٹوتی ریٹائرمنٹ تک جاری رہے گی۔ اگر ادا شدہ رقم پوری نہ ہوئی تو بقایا رقم ریٹائرمنٹ کے وقت یکمشت ادا کرنے کا پابند ہوگا۔

8۔ ماہانہ فنڈ میں اضافہ اور قواعد میں تبدیلی وقت کے ساتھ کی جاسکتی ہے، تاہم، یہ ایگزیکٹو باڈی کی سفارشات اور جنرل باڈی (ممبران عمرہ اسکیم) کی دو تہائی اکثریت کی منظوری سے مشروط ہوگی۔ اس پالیسی کا آڈٹ یونیورسٹی کے تین افسران پر مشتمل کمیٹی کرے گی، جن کا آڈٹ یا فنانس کے شعبے میں تجربہ ضروری ہوگا۔ آڈٹ کمیٹی کی منظوری یونیورسٹی اسٹاف ویلفیئر ایسوسی ایشن کی ایگزیکٹو باڈی دے گی۔

9۔ گریڈ 16 کے ایسے ممبران جنہوں نے عمرہ کی سعادت حاصل نہ کی ہو، اگر گریڈ 17 میں ترقی پالیں، تو انہیں اپنی ممبرشپ جاری رکھنے کا اختیار ہوگا۔ تاہم، اگر ممبرشپ ختم کی جائے تو کوئی بھی رقم واپس نہیں کی جائے گی۔ ایسے گریڈ 16 کے ممبران جن کا نام قرعہ اندازی کے ذریعے نکل چکا ہو، اگر وہ گریڈ 17 میں ترقی پالیں، تو وہ اپنی بقایا رقم 10 اقساط میں ادا کرنے کے پابند ہوں گے۔

10۔ ریٹائرمنٹ تک قرعہ اندازی میں نام نہ نکلنے کی صورت میں، ممبر کو ریٹائرمنٹ کے وقت بغیر قرعہ اندازی عمرہ پیکیج دیا جائے گا، تاہم، ممبر جمع شدہ رقم اور پیکیج کے فرق کو ادا کرنے کا پابند ہوگا۔ بصورت دیگر، جمع شدہ رقم کا 75% ممبر کو واپس کیا جائے گا۔

11۔ اگر کسی رکن کو مالی مشکلات کا سامنا ہے اور وہ اپنی رکنیت کو معطل کرنا چاہتا ہے، تو اسے صدر اسوا کو تحریری درخواست جمع کرانی ہوگی۔ منظوری کے بعد، رکنیت کو ختم کیا جائیگا۔ رکنیت ختم ہونے پر جمع شدہ رقم واپس نہیں کی جائیگی۔

12۔ عمرہ سکیم کے حوالے سے کوئی بھی شکایت ہو تو وہ باضابطہ طور پر جنرل سیکرٹری کو درخواست جمع کرا سکتا ہے۔

ذاتی معلومات:

نام: _____ والد کا نام _____

عہدہ: _____ بی پی ایس: _____

سیکشن: _____ پرسنل نمبر: _____ رابطہ نمبر: _____

میں اپنی مرضی اور رضامندی سے اسواعمرہ اسکیم میں رکنیت حاصل کرنے کے لیے درخواست دیتا/دیتی ہوں اور اسواعمرہ اسکیم کی رکنیت کے لیے فارم کی پشت پر درج قواعد وضوابط کا مطالعہ کرنے کے بعد ان کی پابندی کرنے پر رضامند ہوں۔ لہذا میری رکنیت کی منظوری کی جائے۔

دستخط درخواست دہندہ: _____ تاریخ: _____

دفتری امور کے لیے:

رکنیت کی منظوری: _____

صدر، اسوا کا دستخط _____

CamScanner